کتاب نما

ادارہ

قرآنیات پر نئی کتابیں:

نام کتاب	مطالعات قرآن
مصنف	ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی
ناشر	شعبہ عربی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ
سن اشاعت	جولائی ۲۰۰۵ء، صفحات ۲۵۹ قیمت/ ۲۰۰ روپے

یہ کتاب علوم قرآن اور معارف قرآن سے متعلق دس مقالات کا مجموعہ ہے۔ مقالات کے مشتملات اور موضوع کے نقطۂ نظر سے ان مقالات کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ پہلا حصہ چار مقالات پر مشتمل ہے جن کے عناوین یہ ہیں ''قرآن کے چند خصائص اور اس سے استفادہ کے شرائط، قرآن کریم میں زمین کا ذکر، فساد فی الارض، پانی قرآن کریم اور سائنس کی رو سے''۔

اس مجموعہ کے دوسرے حصہ میں دو مقالات ہیں جو سرسید احمد خاں کی تفسیر قرآن سے متعلق ہیں۔ پہلے مقالہ کا عنوان ہے ''تفسیر سرسید میں لغوی تحقیق'' جب کہ دوسرے مقالہ کا موضوع ہے ''تفسیر سرسید میں کلام عرب''۔ یہ دونوں مقالات بنیادی طور پر تفسیر سرسید کے لغوی مباحث سے تعرض کرتے ہیں لیکن دورانِ مطالعہ فطری طور پر سرسید کی بعض تفسیری خصوصیات بھی زیر بحث آجاتی ہیں۔ تیسرے حصہ کے پہلے مقالہ میں تدبر قرآن اور تفسیر ماجدی کا ایک تقابلی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ یہ تقابلی مطالعہ جن علمی اور تحقیقی

پہلوؤں کو بطور خاص موضوع بحث بناتا ہے ان میں تراجم آیات، تفسیر آیات، کلام عرب، مفردات القرآن، صحف آسمانی سے استفادہ، تصوف، تاریخ، فقہ، نحو، اعلام القرآن، قرآنی جغرافیہ اور حیوانات قرآن جیسے موضوعات شامل ہیں۔ دونوں تفسیروں کی امتیازی خصوصیات کے ضمن میں غالباً یہ کہنا نامناسب نہ ہو کہ تفسیر ماجدی اب تک تفسیر کے میدان میں جو کام ہوا ہے اس کا ایک نہایت عمدہ نچوڑ ہے۔ مختلف مسائل کے سلسلہ میں تفسیر سے متعلق علوم کے ماہرین نے جو کچھ لکھا اور کہا ہے ان کے نتائج فکر کو مولانا دریابادی اختصار اور خوبصورتی سے قاری کے سامنے رکھ دیتے ہیں۔ اس کے برعکس تدبر قرآن کتاب اللہ پر تدبر و تفکر کی بہترین مثال ہے اور اس کے صفحہ صفحہ پر مولانا اصلاحی کے طویل غور و فکر کے نتائج بکھرے ہوئے ہیں۔ اس حصہ کے دوسرے مقالہ میں تدبر قرآن اور تفہیم القرآن کا تقابلی مطالعہ کیا گیا ہے۔ یہ تقابلی مطالعہ ترجمہ قرآن کے میدان تک محدود ہے۔ اس حصہ کا آخری مقالہ ہے "تدبر قرآن میں عدل وقسط کا مفہوم" اس مقالہ میں عدل وقسط کے لغوی مفہوم کے ساتھ ساتھ مولانا اصلاحی کی تحقیقات کی روشنی میں ان اصطلاحات کے وسیع تر مفاہیم اور مضمرات سے بحث کی گئی ہے۔

اس مجموعہ کے آخری مقالہ میں مشہور اسلامی محقق ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی قرآنی خدمات کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔

قرآنی آیات کی سائنسی تشریح - خطرات اور ان کا تدارک

مصنف	ڈاکٹر رضی الاسلام ندوی۔
ناشر	اسلامک بک فاؤنڈیشن، نئی دہلی۔
سن اشاعت	جنوری ۲۰۰۶ء، صفحات ۲۴، قیمت/ ۱۵ روپیے

قرآن کریم پوری انسانیت کے لیے سرچشمۂ رشد و ہدایت اور خزینۂ حکمت ہے،